فوری ریلیز کے لیے: 2023/3/5

گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے کوئنز میں صاف توانائی کی فراہمی کے لئے نئی ٹرانسمیشن لائن کا اعلان کر دیا

رینی سے کورونا تک والی ٹرانسمیشن لائن کی بجلی سے کوئنز میں Dirty Peaker پاور پلانٹس کو ریٹائر کرنا ممکن بنے گا

گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج اور فضائی آلودگی میں کمی آئے گی

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ نئی کون ایڈیسن رینی سے کورونا تک جانے والی ٹرانسمیشن لائن کو فعال کردیا گیا ہے اور اس سے گرڈ کی مسلسل جاری معتبری کو معاونت ملے گی، جس میں 1 مئی کو NRG Energy کے زیرِ ملکیت ایسٹوریا کے قدرتی ایندھن سے چلنے والے پاور پلانٹ کی بندش بھی شامل ہے۔ رینی میں واقع 345 kV سب اسٹیشن سے ایسٹوریا میں 138 kV سب اسٹیشن تک چھ میل طویل ٹرانسمیشن لائن 300 میگاواٹس بجلی لے جا سکتی ہے، یعنی اتنی بجلی جو اوسط سائز والے 240,000 گھروں کے لئے کافی ہو جائے گی۔ پلانٹ کی بندش سے کاربن کے اخراج اور دیگر آلودگیوں میں کمی آئے گی اور ریاست کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے اہداف کو پورا کرنے کے قریب تر پہنچ جائے گی۔

"اب جب کہ ہم موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں، توپوری ریاست میں صاف توانائی کی فراہمی کے لئے نیویارک کے ٹرانسمیشن سسٹم کو اپ گریڈ کرنا ہماری اولین ترجیح ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس اہم نئی ٹرانسمیشن لائن کے ذریعے ہم نیویارک شہر کے الیکٹرک گرڈ میں اضافہ کرتے ہوئے اسے اپ گریڈ کر رہے ہیں اور اس سے قابل تجدید توانائی کی مسلسل ترقی ممکن بن رہی ہے۔"

$275 ملین کی یہ ٹرانسمیشن لائن ان تین لائنوں میں سے ایک ہے جو Con Edison نے 2021 میں شہر میں فوسل ایندھن پاور پلانٹس کو ریٹائر کرنے کے عمل کی حمایت کرنے کے لئے تعمیر کرنا شروع کی تھی، بشمول رینی تا کورونا پروجیکٹ، گوانوس تا گرین ووڈ پروجیکٹ، اور گوئتھلز تا فاکس ہلز پروجیکٹ۔ یہ منصوبے، جنہیں اجتماعی طور پر Reliable Clean City منصوبوں کے نام سے جانا جاتا ہے، سنہ 2025 میں مکمل ہونے کی راہ پر گامزن ہیں اور ان سے نیویارک شہر پر محیط ٹرانسمیشن کی صلاحیت میں 900 میگاواٹس کا اضافہ ہوگا۔

جب یہ تینوں ٹرانسمیشن لائنیں مکمل ہوجائیں گی، تو مندرجہ ذیل پیکر پلانٹس ریٹائر ہوجائیں گے: مین ہیٹن میں Con Edison 59th Street GT1 (17.1 میگا واٹ) اور 74th Street GT کے یونٹس 1 اور 2 (37 میگاواٹ)؛ ونیگر ہل، بروکلین میں Con Edison کا ہڈسن ایونیو یونٹ 5 (16.3 میگاواٹ)؛ لانگ آئی لینڈ سٹی، کوئنز میں Helix Ravenswood کے یونٹس 1، 10 اور 11 (68.6 میگاواٹ)؛ ایسٹوریا، کوئنز میں NRG Astoria GTs (528 میگاواٹ) (جو 1 مئی کو بند ہو گیا)؛ اور اسٹیٹن جزیرے میں NRG Arthur Kill GT1 یونٹ (20 میگاواٹ)۔

کمیشن کے چیئر Rory M. Christian نے کہا، "ریاست نیویارک بجلی کی پیداوار اور ترسیل میں بنیادی تبدیلی لانے والے ایک اقدام میں مصروف عمل ہے۔ قابل تجدید اور صاف ذرائع کو گرڈ میں ضم کرنا ہماری ترجیح ہے، جبکہ اس کے ساتھ ساتھ آلودگی پھیلانے والے ذرائع کو بھی مرحلہ وار ختم کیا جا رہا ہے۔ اس حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ یوٹیلیٹیز کے ٹرانسمیشن انفراسٹرکچر میں ان اضافوں اور ترامیم کے

ذریعے بجلی کے صاف ستھرے ذرائع کو اپنایا جائے گا اور ساتھ ہی معتبری بھی یقینی بنے گی۔ یہ انتہائی ضروری اور خوش آئند تبدیلیاں ہیں جو ہم سب لوگوں کی زندگیوں میں بہتری لائیں گی۔"

Con Edison کے چیئرمین اور سی ای او Tim Cawley نے کہا، " آج کا دن ہمارے صارفین کو قابل اعتماد صاف توانائی فراہم کرنے کے لئے بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنے کے عمل کا ایک اہم سنگ میل ہے جس سے بے صلاحیت، قدرتی ایندھن جلا کر بجلی پیدا کرنے والے پیکر پلانٹس کی بندش ممکن بنے گی۔ جیسا کہ ہم نے اپنے صاف توانائی کے عزم میں واضح کیا تھا کہ ہم نیویارک کے ماحولیاتی اہداف کے دل و جان سے حامی ہیں اور ایک ایسا گرڈ تعمیر کرنے کے لئے پُرعزم ہیں جو سنہ 2040 تک 100 فیصد صاف بجلی کی ترسیل کر سکے۔ میں گورنر Hochul اور چیئر Christian کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جنہوں نے اس اہم مسئلے پر آگے بڑھ کر قیادت کی اور اس کے ساتھ ساتھ میں اس اہم منصوبے کو بروقت اور بجٹ کے تحت مکمل کرنے پر Con Edison کی مخلص خواتین اور مردوں کا بھی شکریہ بھی ادا کرنا چاہوں گا۔"

سنہ 2023 اور 2025 میں معتبری لانے کے لئے یہ منصوبے لازمی ہیں جبکہ پرانے، زیادہ فضائی آلودگی پھیلانے والے پاور پلانٹس کی ریٹائرمنٹ یا عدم دستیابی کی وجہ سے Con Edison کے ٹرانسمیشن لوڈ والے دو علاقوں میں خامیوں کو دور کرنے کے لئے بھی ان منصوبوں کی ضرورت ہے جو تب بجلی پیدا کرتے ہیں جب بجلی کی طلب میں اضافہ ہوتا ہے۔ اب جب کہ ریاست قابل تجدید پیداوار کے اپنے پورٹ فولیو میں اضافہ کر رہی ہے تو اس بجلی کی پیداوار بڑھانے سے صاف بجلی ملے گی، جس میں سنہ 2035 تک کلائمیٹ ایکٹ کے تحت ساحلی علاقوں میں ہوا کے ذریعے پیدا کردہ 9,000 میگاواٹس بھی شامل ہیں۔ ان منصوبوں میں Con Edison کی 800$ ملین کی سرمایہ کاری میں سے کوئنز میں جاری کام کے لئے 275$ ملین مختص ہیں۔

سمپل-سائیکل کمبشن ٹربائنز (جنہیں پیکرز یا پیکنگ یونٹس کے نام سے جانا جاتا ہے) انہیں عام طور پر صرف موسم گرما کے دوران بجلی کی اونچی طلب کو پورا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے، جو عموماً ہوا کے خراب ترین معیار والا دورانیہ ہوتا ہے۔ سنہ 2019 میں نیو یارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف انوائرنمنٹل کنزرویشن نے ایسے قواعد و ضوابط اپنائے جن کے تحت پیکرز کے لئے اوزون سیزن کے دوران قابل قبول نائٹروجن آکسائڈ (NOx) کو محدود کرنے والے قواعد و ضوابط کی پابندی کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے؛ اور اگر پیکرز ان ضوابط کی تعمیل نہیں کر سکیں تو انہیں اوزون سیزن کے دوران یا تو ریٹائر کر دیا جائے یا آپریشن کے لئے غیر دستیاب بنا دیا جائے۔ NRG Energy پلانٹ منظور شدہ قواعد و ضوابط کی تعمیل کے لئے 1 مئی کو بند کر دیا گیا۔

زمینی ایندھن سے چلنے والے نئے جنریشن یونٹس کیے بغیر زمینی ایندھن سے چلا کر بجلی پیدا کرنے والے ڈاؤن اسٹیٹ پیکنگ جنریشن یونٹس کو ریٹائر کرنا نیویارک کے صاف توانائی والے مستقبل کی حکمت عملی کو عملی جامہ پہنانے کی سمت میں ایک بڑا اور اہم قدم ہے۔ ماحولیاتی جسٹس کمیونٹیز میں اور ان کے آس پاس واقع پیکنگ یونٹس کی ریٹائرمنٹ سے ان کمیونٹیز کے لئے ہوا کے معیار میں ان دنوں کے دوران کافی حد تک بہتری آئے گی جب وہاں ہوا کا معیار خراب ترین ہوتا ہے۔ ان منصوبوں سے ریاست کے سب سے زیادہ آبادی والے علاقوں کی توانائی کی طلب کے سب سے بڑے ارتکاز کو اپ اسٹیٹ اور آف شور قابل تجدید پیداوار کی فراہمی کے راستے بھی کھلیں گے۔

نیویارک لیگ آف کنزرویشن ووٹرز کی صدر Julie Tighe نے کہا، "اب جب کہ نیویارک کے رہنے والے عمارتوں کو خود بجلی پیدا کرنے والی بنا رہے ہیں اور برقی گاڑیوں کو اپنا رہے ہیں، ہمیں قابل بھروسہ قابل تجدید توانائی کی پہلے سے کہیں زیادہ ضرورت ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب نیویارک کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ (CLCPA) کی مقررہ ٹائم لائن کے مطابق ریاست کو فراہم کرنے کے لئے کافی صاف توانائی پیدا کرنے کے لئے اقدامات کر رہا ہے، نیو یارک شہر کو شہر کے باہر سے قابل تجدید توانائی ہمارے گھروں اور کاروباروں تک لانے کے لئے ٹرانسمیشن کی اپنی صلاحیت بڑھانے کی ضرورت ہے۔ Con Edison کو مکمل ادراک ہے کہ موسمیاتی اور ماحولیاتی تبدیلیاں ایک تلخ حقیقت ہیں اور ہمیں اپنے شہر اور سیارے کو محفوظ اور پائیدار رکھنے کے لئے ڈرامائی اقدامات کی ضرورت ہے۔"

نیویارک سٹی ماحولیاتی انصاف اتحاد کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Eddie Bautista نے کہا، "NYC-EJA متعدد پیکر پاور پلانٹس اور NRG Astoria کو دوبارہ اجازت دینے کے خلاف ایک مضبوط اور ثابت قدم وکیل کا کردار ادا کرتا

رہا ہے۔ چونکہ ایک درجن سے زائد فوسل فیول جنریٹرز اب بھی اس علاقے میں آلودگی پھیلا رہے ہیں، تو ہم پُر امید ہیں کہ Con Edison کی نئی ٹرانسمیشن لائن ان پاور پلانٹس کو چلانے کی ضرورت میں کمی لائے گی اور اس منتقلی میں پہلا قدم ثابت ہوگی جو کوئنز کے لئے ایک ضروری اور منصفانہ منتقلی ہے۔ ہم ریاست کے شکر گزار ہیں کہ اس نے صاف توانائی کی فراہمی اور اسے قابل بھروسہ بنانے پر توجہ مرکوز کی تاکہ ہمیں نیویارک کے ماحولیاتی قانون کے مینڈیٹ کو حاصل کرنے میں مدد مل سکے۔"

Local 1-2 کے صدر James Shillitto نے کہا، "ہمیں اس نظام کو اپ گریڈ کرنے کی حمایت کرنے پر فخر ہے جو ہمارے شہر کے لئے قابل بھروسہ صاف بجلی کی فراہمی یقینی بنائے گا اور جس میں انتہائی محنتی اور ایماندار افرادی قوت موجود ہے جیسا کہ وہ لوگ جو امریکہ کے یوٹیلیٹی ورکرز کے Local 1-2 کی تشکیل کرتے ہیں۔
ہمارے ممبران کو یہ امر یقینی بنانے کے لئے اپنی صلاحیتیں، قوتیں اور علم بروئے کار لانے پر فخر ہے کہ ہمارا خطہ محفوظ بھی رہے اور ہمیشہ قائم بھی رہے۔"

IBEW Local 3 کے بزنس منیجر Christopher Erikson نے کہا، "اس منصوبے پر Con Edison کی عظیم متحدہ افرادی قوت کی شب و روز محنت کی بدولت نیویارک آئندہ نسلیں صاف ستھرے ماحول اور مسلسل قابل اعتماد خدمات سے لطف اندوز ہوتہ رہیں گی۔ ہمارے ممبران بروکلین اور سٹیٹن جزیرے میں قابل بھروسہ کلین سٹی منصوبوں کی تکمیل کے فخر کے ساتھ منتظر ہیں جو صاف ہوا اور عمدہ عوامی صحت کے ساتھ مستقبل کی جانب اضافی اقدامات کی علامت ہیں، خاص طور سے زیادہ پسماندہ برادریوں کے لئے۔"

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں